کل نمبر۔ 60

وقت۔ 75 منٹ

# کیڈٹ کالج کلر کہار
# امتحان داخلہ جماعت ہشتم سال 2018
## پرچہ اردو۔ اسلامیات

سوالنمبر 1 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم تیس سطروں کا مضمون لکھیں۔ (15)

ا۔ خوش خلقی۔

ب۔ میری زندگی کا نصب العین۔

سوالنمبر 2 مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں، نیز شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (10)

ہر اک مے کدے سے بھرا جاکے ساغر
ہر اک گھاٹ سے آئے سیراب ہو کر
گرے مثلِ پروانہ ہر روشنی پر
گرہ میں باندھ لیا حکمِ پیمبر

سوالنمبر 3 درج ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔ (10)

راست بازی۔ خون سفید ہونا۔ اشتراکِ عمل۔ احساسِ مروت۔ پَر مارنا۔

سوالنمبر 4 "دوڑنا" مصدر سے ماضی استمراری کی گردان لکھیں۔ (5)

سوالنمبر 5 الفاظ کے متضاد لکھیں۔ (5)

چُست۔ صغیر۔ گہرا۔ رغبت۔ حاکم۔

سوالنمبر 6 واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔ (5)

جد۔ دواوین۔ دستور۔ نعم۔ حاجت

## حصہ اسلامیات

سوالنمبر 7 حُسنِ معاشرت پر نوٹ تحریر کریں۔ (5)

سوالنمبر 8 ایفائے عہد سے کیا مُراد ہے۔ اس کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (5)

کل نمبر:60

# کیڈٹ کالج کلر کہار

وقت:75منٹ

## امتحان داخلہ جماعت ہشتم سال2019ء

## پرچہ اردو۔اسلامیات

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر کم از کم تیس سطروں کا مضمون لکھیں۔ (15)

ا۔ دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو

ب۔ صفائی میں خدائی ہے

سوال نمبر2: مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔نیز شاعر کا نام بھی تحریر کریں۔ (10)

جو پتھر پہ پانی پڑے مُتصِل

تو بے شبہ گھِس جائے پتھر کی سل

رہو گے اگر تم نہیں مستقل

تو ایک دن نتیجہ بھی جائے گا مل

سوال نمبر3: درج ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔ (10)

جی بھر آنا۔ دست گیری کرنا۔ سرِ تسلیم خم کرنا۔ مارِ آستیں۔ نا قابلِ تسخیر۔

سوال نمبر4: واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔ (5)

عظیم۔ قصور۔ مدرس۔ اوہام۔ ذہن۔

سوال نمبر5: درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیں۔ (5)

دانشمند۔ مسرت۔ تالا۔ ارزاں۔ سہل۔

سوال نمبر6: ''آنا'' مصدر سے ماضی قریب کی گردان لکھیں۔ (5)

## حصہ اسلامیات

سوال نمبر7: اسلام میں سخاوت کی فضیلت بیان کریں۔ (5)

سوال نمبر8 : دفع لکنت کی دُعا کا ترجمہ کریں۔ (5)

# کیڈٹ کالج کلر کہار

## امتحان داخلہ جماعت ہشتم سال۔2022

کل نمبر:60 | وقت: ۱گھنٹہ

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ پرچہ حل کرنے کے لیے نیلی روشنائی استعمال کریں۔

### حصہ اول اُردو

**سوال نمبر۱: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔** (10)

۱۔ پاکستان کا قومی ترانہ کس شخصیت نے لکھا ان کا نام لکھیں؟

۲۔ حمد اور نعت کی مکمل تعریف لکھیں۔

۳۔ ہمارے قومی شاعر کا نام اور ایک شعر لکھیں۔

۴۔ ''عمر نے کتاب خریدی۔'' اس جملے میں فاعل اور مفعول بتائیں۔

۵۔ آخرت سنورنا ، آرزو رکھنا محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔

**سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر ۱۵۰ الفاظ کا مضمون تحریر کریں۔** (10)

۱۔والدین کا احترام ۲۔زندگی نام ہے عزت سے جینے کا

**سوال نمبر۳: درج ذیل اشعار کی تشریح کریں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔** (10)

ے کتنی قربانیاں دے کے، یہ وطن پایا ہے
پھول اُجڑے ہیں ہزاروں ، تو چمن پایا ہے

ے ایک ہوجاؤ ، تو فولاد کی طاقت ہو تم
ساری دنیا کے لیے، شمع ہدایت ہو تم

**سوال نمبر۴: درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔** (05)

خبر ، شجر ، خادم ، علوم ، اقوام

**سوال نمبر۵: درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔** (05)

خوشی ، محبت ، قُرب ، عروج ، حاکم

**سوال نمبر۶: پرنسپل کے نام بیماری کی درخواست تحریر کریں۔** (10)

### حصہ دوم اسلامیات

**سوال نمبر۷: سورۃ الاخلاص کا ترجمہ لکھیں۔** (05)

**سوال نمبر۸: قرآن مجید کی سب سے چھوٹی اور سب سے بڑی سورت کا نام لکھیں۔** (02)

**سوال نمبر۹: نماز کے چار فوائد لکھیں۔** (03)

☆☆☆

# کیڈٹ کالج کلر کہار

## امتحان داخلہ جماعت ہشتم سال۔2023

کل نمبر:60 وقت: ۱گھنٹہ

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ پرچہ حل کرنے کے لیے نیلی روشنائی استعمال کریں۔

### حصہ اول اُردو

سوال نمبر۱: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر تیس سطروں کا مضمون تحریر کریں۔ (15)

۱۔سوشل میڈیا کے اثرات۔ ۲۔صحت مند دماغ صحت مند جسم میں رہتا ہے۔

سوال نمبر۲: درج ذیل اشعار کی تشریح کریں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (10)

جو پتھر پر پانی پڑے متصل ‌ ‌ ‌ ‌ رہو گے اگر تم نہیں مستقل

تو بے شبہ گِھس جائے گی پتھر کی سِل ‌ ‌ ‌ ‌ تو اِک دن نتیجہ بھی جائے گا مِل

سوال نمبر۳: درج ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ (10)

کمر کسنا۔ اَش اَش کرنا۔ خاک اُڑانا۔ پروان چڑھانا۔ آب وتاب

سوال نمبر۴: درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔ (05)

مصنوعی۔ ترقی۔ نامور۔ سفر۔ موافق

سوال نمبر۵: درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔ (05)

مرحلہ۔ نکتہ۔ مراکز۔ وطن۔ نصیحت

سوال نمبر۶: مختصر جوابات دیں۔ (05)

(الف) یومِ ارض کیوں منایا جاتا ہے؟ (ب) والدین کا قرض اتارنے سے کیا مراد ہے؟

### حصہ دوم اسلامیات

سوال نمبر۷: دعا کے معنی کیا ہیں؟مختصر نوٹ لکھیں۔ (05)

سوال نمبر۸: سورۃ الفلق کا ترجمہ لکھیں۔ (05)

☆☆☆

# کیڈٹ کالج کلر کہار

## امتحان داخلہ جماعت ہشتم سال۔2024ء

کل نمبر:60 وقت:1گھنٹہ

**نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔ پرچہ حل کرنے کے لئے نیلی روشنائی کا استعمال کریں۔**

### حصہ اول اردو

**سوال نمبر1:** درج ذیل عنوان پر پندرہ سطور پر مضمون تحریر کریں۔ 15

**"کیا درخت فضائی آلودگی کو کم کرنے میں مددگار ہو سکتے ہیں؟"**

**سوال نمبر2۔** **درج ذیل پیراگراف کو پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیں** 15

آداب ادب کی جمع ہے۔ اس کے معنی دستور، قاعدے یا طریقے وغیرہ کے ہیں۔ معاشرت سے مراد معاشرے کا رہن سہن ہے۔ یوں آداب معاشرت، معاشرے میں رہن سہن اور زندگی گزارنے کے طریقوں کو کہا جاتا ہے۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو فرد کو زندگی گزارنے کے تمام طریقوں اور راہ نما اصولوں سے مکمل آگاہ کرتا ہے۔ زندگی کا کوئی گوشہ ہو، آپ کسی بھی معاملے میں رہ نمائی کے طالب ہوں، قرآن مجید اور سیرت طیبہ ﷺ آپ کی راہ نمائی کے لئے موجود ہے حضور نبی کریم ﷺ کی مبارک زندگی ہمارے لئے قرآن کی عملی تفسیر کی صورت میں موجود ہے۔

1۔ **آداب کس کی جمع ہے اور اس کے معنی کیا ہیں؟**

2۔ **معاشرت سے کیا مراد ہے؟**

3۔ **"اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے" سے کیا مراد ہے؟**

4۔ **زندگی کے معاملات میں ہم راہ نمائی کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟**

5۔ **پیراگراف کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کریں۔**

**سوال نمبر3۔** **درج ذیل محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔** 10

دن میں تارے دکھائی دینا۔ خیالی پلاؤ پکانا۔ بے پر کی اڑانا۔ امید بر آنا۔ مارے مارے پھرنا۔

**سوال نمبر4۔** **درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔** ترقی۔ قوی۔ حیات۔ نجی۔ اقرار۔ 05

**سوال نمبر5۔** **واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیں۔** ثمر۔ خدام۔ وطن۔ حکام۔ رئیس۔ 05

### حصہ دوم اسلامیات

**سوال نمبر6۔** **توحید کے معنی کیا ہیں؟ مختصر نوٹ لکھیں۔** 05

**سوال نمبر7۔** **سورۃ اخلاص کا ترجمہ لکھیں۔** 05